NYC Taxi & Limousine Commission

ڈرائیوروں کی اجرت کے قواعد

Meera Joshi
کمشنر/چیئر

Allan J. Fromberg
معاملات عامہ
frombera@tlc.nyc.gov

Rebecca Harshbarger
معاملات عامہ
harshbargerR@tlc.nyc.gov

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

یکم **فروری 2019** سے تمام زیادہ حجم والی کرایہ کے لیے گاڑیوں کی سروسز (High-Volume For-Hire Services, HVFHS)، بشمول Via، Lyft، Uber اور Juno، کو اپنے ڈرائیوروں کو Taxi and Limousine Commission کے ڈرائیوروں کی اجرت کے قواعد میں متعین کردہ فی ٹرپ کم از کم رقم کی ادائیگی کرنا ہو گی۔

اجرت کی کم از کم شرحیں TLC کی ویب سائیٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں جہاں ڈرائیور ہر ٹرپ کے عوض حاصل ہونے والی کم از کم ادائیگی کا تعین کرنے کے لیے ڈرائیور پے کیلکولیٹر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

تمام FHV بیسز کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے ڈرائیوروں کو تمام ادائیگیاں اور کٹوتیاں دکھانے والی رسیدیں فراہم کریں۔ ایسے ڈرائیور جو اپنی گاڑیاں لیز پر لیتے ہیں، انہیں سادہ زبان میں تحریر کردہ معاہدہ جات جن میں تمام اخراجات کی وضاحت موجود ہو، نیز تمام کٹوتیاں اور لاگتیں دکھانے والی رسیدیں، وصول ہونا چاہیئں۔

مزید برآں، یکم **فروری 2019** سے ہی، پیلی ٹیکسی کے ڈرائیوروں کا زیادہ سے زیادہ کریڈٹ کارڈ سرچارج $7 روزانہ اور $49 ہفتہ وار تک کم کر دیا جائے گا۔ پیلی ٹیکسی کے ڈرائیور 12 گھنٹے سے کم کی شفٹوں کے لیے ٹیکسی لیز پر لے سکتے ہیں اور ٹیکسی کے مالکان کو ٹیکسی کو نقصان پہنچنے کے جرمانے کی رقم جو ڈرائیور نے انہیں ادا کی ہو، اس وقت ڈرائیور کو واپس کر دینی چاہیئے جب مالک کو بعد میں کسی اور ذریعے سے اس کی بازادائیگی ہو جائے۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم TLC کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا driverpay@tlc.nyc.gov کو ای میل کریں۔